تأثرات

رئیس احمد جعفری

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ کے ڈائرکٹر شیخ محمد اکرام صاحب گذشتہ چند ماہ سے ممالک غیر کے علمی و تحقیقی دورے پر ہیں۔ اس مہینے میں ان کی آمد متوقع ہے۔ ان کی تشریف آوری کے بعد رسالۂ ثقافت اور ادارے کے تصنیفی پروگرام پر نظر ثانی کی جائے گی۔ اور اسے زیادہ بلند پایہ بنانے کا کام ایک مستقل پروگرام کے ماتحت شروع ہوگا۔ انشاءاللہ!

ہمارے ادارے کے ایک رفیق شیخ محمد سعید صاحب پھر گورنمنٹ کالج (لاہور) میں واپس چلے گئے ہیں۔ ادارے میں ان کا قیام اگرچہ زیادہ طویل نہیں رہا، لیکن اپنے حسنِ اخلاق اور شرافت کا گہرا نقش بٹھا کر گئے ہیں۔ ہمیں یقین ہے، اپنی نئی ذمہ داریوں کو وہ خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دے کر، ترقی کی منزلیں جلد جلد طے کریں گے۔